© rasailojaraid.com

تدابیر بند کرے۔ حکومتی سطح پر اسراف، پوری قوم کو فضول خرچی کی طرف مائل کرتا ہے۔ اپنی اولین توجہ بجلی کی کمی دور کرنے پر مرکوز کرے۔ گیس اور تیل کی تلاش میں ساری توانائیاں لگائے۔ ہمارا وطن معدنی دولت سے مالا مال ہے۔ اگر قدرت کے ان پوشیدہ خزائن کو دریافت کرنے کی سچی لگن سے کام کیا جائے تو اللہ تعالیٰ محنت کو رنگ لگائے گا۔ و ما علینا الا البلاغ.

## موت العالم موت العالم

### شیخ التفسیر حضرت العلام مولانا عبدالسلام رستمی کا سانحہ ارتحال

مورخہ 17 نومبر بروز سوموار استاذ العلماء شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا عبدالسلام رستمی طویل علالت کے بعد پشاور میں انتقال کر گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مولانا مرحوم عالم باعمل ہونے کے ساتھ ساتھ پوری زندگی قرآن مجید کی تفسیر، حدیث اور دیگر علوم طلبا تک پہنچانے کیلئے وقف کر رکھی تھی۔ آپ علماء کے طبقہ میں ہر دلعزیز اور منکسر المزاج شخصیت کے مالک تھے۔ آپ کا حلقہ علم بڑا ہی وسیع تھا۔ ہزاروں طلبا نے آپ سے قرآن وحدیث کی تعلیم حاصل کی جو یقیناً ان کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔ جہلم سے رئیس الجامعہ نے مرحوم کے گھر جا کر ان کے بیٹوں سے تعزیت کی اور دعا کی کہ اللہ ان کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین

### جامعہ علوم اثریہ کی 31 ویں سالانہ تقریب صحیح بخاری شریف وسالانہ جلسہ تقسیم اسناد وانعامات

مورخہ 7 نومبر بروز جمعۃ المبارک جامعہ علوم اثریہ جہلم میں 31 ویں سالانہ تقریب صحیح بخاری کا انعقاد ہوا، سابقہ روایتی انداز کے مطابق ضلع جہلم، گجرات، منڈی بہاؤالدین، چکوال، گوجرخان، آزاد کشمیر اور دیگر علاقوں سے لوگوں کی بھاری تعداد اس پروگرام کا حصہ بنی، پروگرام کا آغاز مولانا عتیق اللہ عمر کے خطبہ جمعہ سے ہوا۔ دن 2 بجے سے نماز عصر تک جامعہ کے طلباء کے مابین تقریری مقابلہ ہوا۔ جس میں علم کی فضیلت، اہمیت اور علماء کے حقوق وفرائض کو اجاگر کیا گیا۔ نماز عصر کے بعد شیخ الحدیث والتفسیر مولانا محمد اکرم جمیل نے بخاری شریف کی آخری حدیث پر عالمانہ وفاضلانہ درس ارشاد فرمایا۔ نماز مغرب کے بعد حاضرین کیلئے ضیافت کا اہتمام کیا گیا تھا۔ نماز عشاء کے بعد سالانہ جلسہ تقسیم اسناد جس میں جامعہ علوم اثریہ اور اثریہ ماڈل ہائر سیکنڈری سکول کے طلبہ نے تقاریر کیں اور بعد میں اس پروگرام کے روح رواں شیخ العرب والعجم مولانا عبداللہ ناصر رحمانی حفظہ اللہ نے تاریخ ساز طویل خطاب فرمایا، حاضرین ان کے اس علمی خطاب سے بڑے محظوظ ہوئے۔



© rasailojaraid.com